انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

انسٹیٹیوٹ آف پروفیشنل ڈویلپمنٹ (IPD)

انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد اسکولز (IIUI اسکولز)

## علم وادب (اردو کی درسی کتاب سوم)

| تقسیم نصاب برائے جماعت (سوم) | معیاد اول | معیاد دوم |
|---|---|---|
| کل ہفتے | ۱۶ (اگست تا دسمبر) | ۱۹ (جنوری تا مئی) |
| کل پیریڈ (ہفتہ وار مختص کردہ پیریڈ = ۷) | ۱۶ × ۷ = ۱۱۲ پیریڈ | ۱۹ × ۷ = ۱۳۳ پیریڈ |
| مختص کردہ وقت برائے اعادہ، جانچ | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) استاد اپنی ضرورت کے مطابق پہلے معیاد میں استعمال کریں گے۔ | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) استاد اپنی ضرورت کے مطابق دوسرے معیاد میں استعمال کریں گے۔ |
| مختص کردہ وقت برائے تدریسی تشخیص/ متوقع ناگہانی صورتحال | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) صرف معیاد کے آخر میں استعمال ہوگا۔ | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) صرف معیاد کے آخر میں استعمال ہوگا۔ |
| مختص کردہ وقت برائے تدریس | ۱۴ہفتے (۱۴ × ۷ = ۹۸ پیریڈ) | ۱۷ ہفتے (۱۷ × ۷ = ۱۱۹پیریڈ) |
| **نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے ذرائع**<br>**رہنمائے استاد:** اساتذہ کی رہنمائی کے لیے رہنمائے استاد میں ہر سبق کو شروع کرنے سے پہلے تمہیدی گفتگو دی گئی ہے جو استاد کو سبق کا مقصد سمجھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ کتاب میں دی گئی تمام مشقوں کے جوابات کے ساتھ ساتھ قواعد کو بہتر طور پر سمجھانے کے لیے تفصیلاً تمہید درج ہے۔ | ۱۔ حمد<br>۲۔ پرندے کی فریاد<br>۳۔ ہمارے نبی ﷺ کی باتیں<br>۴۔ حسین وادی ہنزہ<br>۵۔ وطن (نظم) | ۱۲۔ نعت<br>۱۳۔ بسم اللہ کی برکت<br>۱۴۔ میں اور میری کتاب<br>۱۵۔ چین ہمارا دوست<br>۱۶۔ قائداعظم (نظم) |

| معیارِ دوم | معیارِ اول | تقسیم نصاب برائے جماعت (سوم) |
|---|---|---|
| ۱۷۔ کراچی کی سیر<br>۱۸۔ سمندر کی دنیا<br>۱۹۔ بی اماں<br>۲۰۔ آؤ مل کر درخت لگائیں<br>۲۱۔ ہماری زمیں (نظم)<br>۲۲۔ خلائی مخلوق سے ملاقات<br>۲۳۔ اقوالِ زریں | ۶۔ حضرت عمر فاروقؓ کا دورِ حکومت<br>۷۔ یہ دیس ہمارا ہے<br>۸۔ بطخ کا بٹوارہ<br>۹۔ اب وقت قیمتی ہے (نظم)<br>۱۰۔ حکیم محمد سعید<br>۱۱۔ صحت صفائی اور پاکیزگی | **نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے ذرائع**<br>**رہنمائے استاد:** اساتذہ کی رہنمائی کے لیے رہنمائے استاد میں ہر سبق کو شروع کرنے سے پہلے تمہیدی گفتگو دی گئی ہے جو استاد کو سبق کا مقصد سمجھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ کتاب میں دی گئی تمام مشقوں کے جوابات کے ساتھ ساتھ قواعد کو بہتر طور پر سمجھانے کے لیے تفصیلاً تمہید درج ہے۔ |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | تعارف | استاد اور طلباء کا تعارف | استاد اپنا تعارف کرائے اور جماعت کے ہر طالب علم سے اس کا نام اور اس کے بارے میں ایک دو اور سوالات کرے | |
| ۲ | | | کام کرنے کے اصول | جماعت میں کام کرنے کا طریقہ کار | استاد طلباء کو اپنی تدریسی طریقہ کار سمجھائے۔ | |
| ۳ | | | تجزیاتی ورک شیٹ | پچھلی جماعتوں میں کیے گئے کام کی جانچ | ورک شیٹ کے ذریعے پچھلی جماعتوں کی پڑھائی کی جانچ کی جائے۔ | |
| ۴ | ۱ | ۱ | حمد | اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی بنائی ہوئی چیزوں سے واقفیت اور ان کی ضرورت سے آگاہی<br><br>حمد کی تشریح | لفظ ''اللہ'' تختہ سفید پر لکھا جائے اور تمام طلبہ سے کہا جائے کہ وہ ایک منٹ کے لئے آنکھیں بند کریں اور بتائیں کہ لفظ ''اللہ'' سے ان کے ذہن میں کیا بات آتی ہے۔ تمام طلبہ سے باری باری ان کی رائے لی جائے گی اور ممکن ہوا تو اسے تختہ سفید پر بھی لکھا جا سکتا ہے۔ جب تمام طلبہ اپنی رائے کا اظہار کر چکیں تو استاد ان کی رائے کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کریں اور موضوع کی طرف آئیں۔ استاد حمد کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | کسی بھی رسالے یا کتاب سے یا انٹرنیٹ کی مدد سے ایک ''حمد'' اپنی کاپی پر لکھ کر لائیے |
| ۵ | | | | حمد کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے حمد کی بلند خوانی کروائے تاکہ حمد ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | اللہ تعالیٰ کے دس نام کر کے آیئے |
| ۶ | ۱ | ۲ | مشق ا | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۳ | مشق ۳ | مصرعے مکمل کروانا | بچوں سے دی گئی حمد سے مصرعے مکمل کروائیں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۲ | | | مشق ۴ | درست جملے لکھنا | غلط جملوں کو درست کروا کر لکھوائیں | سوال جواب یاد کر کے آئیں |
| ۳۔۴ | | | سرگرمی | پوسٹر بنوانا | بچے جماعت میں مل کر اللہ کے نام کا پوسٹر بنائیں اور جماعت میں چپکائیں | حمد کے شروع کے پانچ مصرعے یاد کر کر آئیں |
| ۵ | | ۲ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶،۷ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | مکمل حمد یاد کر کے آئیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۵۵ | پرندے کی فریاد | بے زبانوں کو قید نہیں کرنا چاہیے ہر جان دار کے لیے آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے | استاد تختہ سیاہ پر دو کالم بنائیں ایک میں '' آزادی'' لکھیں اور ایک کالم میں ''قید/ غلامی'' لکھیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ لفظ آزادی اور غلامی سے ان کے ذہن میں کیا بات آتی ہے یا آزادی اور غلامی سے کیا مراد ہے؟ طلبہ اپنی رائے کا اظہار کریں گے اور طلبہ کے بتائے ہوئے نکات ان کالموں میں لکھیں گی۔<br>جیسے مثال کے طور پر:<br>**آزادی**:: آزادیس سے مراد ایک کھلی فضا میں سانس لینا۔ ہر کام اپنی مرضی سے کریں۔ ہر جگہ جا سکیں کھا پی سکیں۔<br>**غلامی**:: ایک جگہ قید ہو کر زندگی گذارنا۔ کوئی کام اپنی مرضی سے نہ کر سکیں۔ اپنی مرضی سے کہیں نہ جا سکیں۔<br>بچوں سے پوچھیں کہ وہ علامہ اقبال کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ | آدھی نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۲ | | | | نظم کی تشریح | استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | مکمل نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۳ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے | |
| ۴ | | ۵۶ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | | مشق ۳ | ہم آواز الفاظ کی پہچان | نظم میں ہم آواز الفاظ تلاش کر کے لکھیں | |
| ۶ | | ۵۶ | مشق ۴۔۵ | اعراب کی پہچان<br>انکاریہ اور اقراریہ جملے بنانا | دیئے گئے لفظوں پر اعراب لگایئے<br>دیئے گئے جملوں کو اوراریہ اور انکاریہ جملوں میں تبدیل کیجیے | |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | | ۵۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۴ | | ۷۷ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | علامہ اقبال کی دس نظموں کے نام لکھ کر لائیں |
| ۵ | ۳ | ۷ | ہمارے نبی ﷺ کی باتیں | حضور اکرمؐ کی عادات سے آگاہی<br><br>بلند خوانی | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے اور ہر گروپ کو ایک ایک سادہ پرچہ دیا جائے (رنگین کمپیوٹر پیپر بھی دیا جا سکتا ہے) اور طلبہ سے کہا جائے کہ وہ ہمارے پیارے نبی ﷺ کی ذات وصفات پر پانچ نکات تحریر کیجیے۔ طلبہ اپنی سابقہ معلومات کے حوالے آپس میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے نکات تحریر کریں گے۔ دس منٹ کے بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنے لکھے گئے نکات جماعت کو سنائے گا۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | بچے محمد ﷺ کے ناموں کا چارٹ بنا کر لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پانچواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳ | ۸ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | سوال جواب یاد کریں |
| ۲ | | ۸۔۹ | مشق ۲۔۳ | الفاظ ضد کی پہچان<br>ہم آواز الفاظ کی مشق | دیئے گئے الفاظ کی ضد لکھیں<br>ایک جیسی آواز والے الفاظ میں رنگ بھریئے | |
| ۳۔۴ | | | سرگرمی | اللہ اور حضور ﷺ کے نام یاد کروانا | جماعت میں دو گروپ بنائیں۔ایک گروپ محمد ﷺ کے ناموں کا چارٹ بنائے اور دوسرا اللہ کے ناموں کا چارٹ بنائے۔ | مشق ۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۸ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | سبق میں سے پانچ الفاظ کے جملے بنائیں |
| ۶ | | ۷۶ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیار اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۴ | ۶۴۔۶۵ | حسین وادی ہنزہ | پاکستان بہت خوبصورت ملک ہے اور یہاں کے لوگ بہت مہمان نواز ہیں<br>بلند خوانی | استاد طلبہ میں ایک سوالنامہ تقسیم کریں گے۔جس میں چند سوالات لکھے ہوں گے۔طلبہ اس سوالنامے کو حل کریں گے۔استاد کی معاونت شامل رہے گی۔ **سوالات:** ۱۔کیا آپ نے کبھی کراچی میں یا کراچی سے باہر سفر کیا ہے؟ ۲۔کس جگہ گئے؟ ۳۔کون سی جگہیں دیکھیں؟ ۴۔سب سے اچھی جگہ کون سی لگی؟ ۵۔سفر کیسا رہا؟ ۶۔سفر کے حوالے سے کوئی دلچسپ بات؟ ۷۔کہاں جانے کا شوق ہے؟ ۸۔کراچی میں یا کراچی سے باہر کون سے ایسے مقامات ہیں جہاں جانے کا آپ کا دل چاہتا ہے؟ جب طلبہ یہ سوالنامہ حل کر چکیں گے اس کے بعد گروپ میں وہ اپنے ساتھیوں سے اس سوالنامے پر تبادلہ خیال کریں گے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | اپنے کسی بھی ایک یادگار سفر کے بارے میں بتایئے یا اپنے کسی سفر کا حال لکھیے جو آپ کے لیے یادگار رہو۔تصاویر بھی لگائیں۔ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۶۵ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۶۶ | مشق ۴ | حکمیہ جملوں کی پہچان | سب سے پہلے تختہ سیاہ پر دو جملے لکھیں: ۱۔زیادہ پانی پینا صحت کے لیے اچھا ہوتا ہے۔ ۲۔مجھے پانی پلاؤ۔اس کے بعد طلبہ سے ان دونوں جملوں کا فرق پوچھیں اور بتائیں کہ نمبر ۲ پر جو جملہ ہے وہ کس قسم کا ہے اور اسے کیا کہتے ہیں۔سادہ اور حکمیہ جملوں کا فرق واضح کرنے کے لیے طلبہ سے مثالیں پوچھی جائیں گی۔<br>درج ذیل جملوں کو حکمیہ جملوں میں تبدیل کیجیے | |
| ۵ | | ۶۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | مشق ۵ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | مشق ۶ گھر سے کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۵ | ۱۴ | وطن | پاکستان کا ہر ایک گوشہ خوب صورت ہے<br>نظم کی تشریح | طلبہ کو سب سے پہلے پاکستان کے خوبصورت مناظر کے حوالے سے ایک ڈاکومنٹری دکھائی جائے۔ جس میں پاکستان کے چند خوبصورت مناظر کو دکھایا ہو اور ساتھ ہی چیدہ چیدہ باتیں بیان کی گئی ہوں۔ یہ فلم کمپیوٹر، لیپ ٹوپ یا پروجیکٹر پر دکھائی جاسکتی ہے۔<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔۔ | پاکستان کے متعلق انٹرنیٹ سے معلومات اکھٹی کر کے لائیں |
| ۲ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھے | |
| ۳ | | ۱۵ | مشق ۲۔۳ | ہم آواز الفاظ<br>جملے بنانا | ایک جیسی آواز والے الفاظ نظم میں سے تلاش کر کے لکھیے<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں | مشق ۱ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۱۶ | مشق ۴ | ضمیر کی پہچان | استاد یک چھوٹی سی عبارت بورڈ پر لکھیں، جیسے ''احمد ایک اچھا بچہ ہے۔ احمد روز اسکول جاتا ہے۔ احمد کے امی ابو احمد سے بہت پیار کرتے ہیں۔ احمد اپنی کتابوں کو بہت اچھی طرح رکھتا ہے۔ احمد ہر سال اپنی جماعت میں اول آتا ہے۔ طلبہ سے پوچھا جائے کہ کیا یہ عبارت صحیح ہے اگر نہیں تو کیوں؟ بار بار ایک ہی لفظ کی تکرار ہو رہی ہے۔ احمد کی جگہ کیا لفظ آنا چاہیے۔ اس کے بعد طلبہ کو بتایا جائے گا کہ نام کی جگہ جو لفظ لکھے جاتے ہیں وہ ''ضمیر'' کہلاتے ہیں۔<br>طلبہ کو مثال دی جائے گی کہ آپ اپنے لیے نام کی جگہ کیا استعمال کرتے ہیں؟ طلبہ بتائیں گے ''میں''۔ اور جب دو لوگ بات کریں گے جیسے آپ اور آپ کا دوست تو وہ کیا لفظ استعمال کریں گے۔ طلبہ کو ہم اور ہمارا کا استعمال بتایا جائے گا۔ قواعد کو سمجھا کر مشق کروائیں۔ | ایک چارٹ پیپر لیجئے اور نظم ''وطن'' میں شاعر نے وطن کی جن خوبصورت چیزوں کا ذکر کیا ہے انہیں تصاویر سے واضح کیجئے اور نظم خوشخط کیجئے۔ |
| ۵ | ۵ | ۱۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | ۵ | ۷۶ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاراول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اوران کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اوران کی جانچ | |
| ۳ | ۶ | ۱۷۔۱۸ | حضرت عمر فاروقؓ کا دورِ حکومت | انصاف کی اہمیت بتانا<br>بلندخوانی | طلبہ کو چار گروپ میں تقسیم کیا جائے۔ چار مختلف چارٹ پیپرز پر خلفائے راشدین کے بارے میں مختصراً ایک ایک پیرا گراف لکھا جائے گا اور چاروں کروپ میں تقسیم کیا جائے۔ ہر گروپ سے کہا جائے گا کہ وہ باری باری تمام چارٹ پیپرز پر لکھی گئی معلومات پڑھیں اور اہم نکات ذہن نشین کریں۔ جب تمام گروپ مطالعہ کر چکیں گے تو آخر میں انفرادی طور پر ایک کل جماعتی گفتگو میں طلبہ کی رائے لی جائے گی اور چند سوالات کیے جائیں گے۔ مثلاً ا۔ سب سے پہلے خلیفہ کون تھے؟ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا لقب کیا ہے؟ حضرت عمر فاروقؓ کون سے خلیفہ ہیں؟ حضرت عثمان غنیؓ کو غنی کیوں کہا جاتا ہے؟ حضرت علیؓ مسلمانوں کے کون سے خلیفہ تھے؟<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۴ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلندخوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلندخوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | حضرت عمر فاروقؓ کے دور کے حوالے سے ایک مثال اپنے الفاظ میں لکھیے |
| ۵ | ۶ | ۱۸ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>ہم آواز الفاظ | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>ہم آواز الفاظ لکھیے | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | ۱۸<br>۱۹ | مشق ۵<br>نئے الفاظ | متضاد الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کی پہچان | متضاد کے استعمال کے ساتھ نئے جملے بنایئے<br>بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | مشق ۴ گھر سے کرلائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۶۔۷ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۲ | ۷ | ۲۰۔۲۱ | یہ دیس ہمارا ہے | وطن کی خاطر سارے اختلافات کو بھلا دینا چاہیے<br>بلند خوانی | جماعت کے طلبہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ ایک گروہ کو عنوان دیا جائے ''پیار و محبت سے رہنے کے فوائد'' جبکہ دوسرے گروہ کو عنوان دیا جائے ''لڑائی جھگڑے کے نقصانات'' (ایک چھوٹی سی ویڈیو بھی دکھائی جا سکتی ہے۔ استاد تختہ سیاہ پر دو کالم بنائیں اور دونوں عنوانات درج کریں۔ اس کے بعد ہر گروپ سے باری باری ان دونوں عنوانات کے حوالے سے نکات پوچھے جائیں۔ طلبہ اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔ استاد بچوں کو بتائیں کہ مل کر رہنے کے کیا کیا فائدے ہیں۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۳ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کر ہیں۔ | آپ بڑے ہو کر اپنے ملک کے لیے کیا کرنا چاہتے ہیں؟ |
| ۴ | | ۲۲ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں استعمال کریں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | ۷ | | مشق ۴۔۵ | جملوں کی درستگی۔ واحد کی جمع بنانا | دیئے گئے جملوں کو درست کر کے لکھیے۔۔ واحد الفاظ کی جمع بنائے | سوال جواب یاد کریں |
| ۶ | | ۲۱ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## دسواں ہفتہ

| گھر کا کام | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | تدریسی مقصد | عنوان | صفحہ نمبر | سبق نمبر | پیریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | فرہنگ | ۷۶ | | ۱ |
| کوئی ایسا واقعہ لکھیں جب آپ کی عقلمندی سے آپ کو کامیابی ملی ہو۔ یا کوئی عقلمندی کا کام کیا ہو جس سے آپ کو فائدہ ہوا ہو | ''نقل کے لیے بھی عقل کی ضرورت ہوتی ہے''۔ اس جملے پر طلبہ اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔ جملے کے حوالے سے طلبہ کی انفرادی رائے پوچھی جائے گی۔ استاد طلبہ کو بتائیں کہ جو کام عقل سے کیا جائے وہ کام صحیح طریقے سے ہوتا ہے اور اس کام میں کامیابی ملتی ہے یعنی ہمیں ہر کام میں اپنی عقل استعمال کرنی چاہیے اور سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔ استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | عقل مند انسان اپنے مسائل کا حل نکال ہی لیتا ہے<br>بلند خوانی | بطخ کا بٹوارہ | ۲۴-۲۵ | ۸ | ۲ |
| | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | سبق کی پڑھائی | | | | ۳ |
| مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں استعمال کریں | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | مشق ۱-۳ | ۲۶ | | ۴ |
| سوال جواب یاد کریں | طلبہ سے کہا جائے کہ جماعت میں نظر آنے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ مثلاً، پنکھا، میز، کرسی۔ وغیرہ۔ اس کے بعد طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ طلبہ سے ان جملوں کے فرق کو واضح کروایا جائے گا مثلاً کرسی ٹوٹ گئی اس میں کرسی کو ہم مونث کی طرح استعمال کرتے ہیں اور پنکھا چل رہا ہے اس میں پنکھے کو مذکر کے انداز میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ بے جان چیزوں کو بھی مذکر یا مونث کے انداز میں بولا جاتا ہے اور پھر مشق کروائی جائے۔ | مزکر مونث کی پہچان | مشق ۴ | ۲۶-۲۷ | ۸ | ۵ |
| | جملے دوبارہ بنائیں،، آخری حرف سے نیا لفظ بنائیں | جملے بنانا، لفظ بنانا | مشق ۵-۶ | ۲۷ | | ۶ |
| | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | | انشاء پردازی | | | ۷ |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### گیارھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۸ | ۲۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کرواکر ان کا املا کروائیں | آپ نے اس کہانی سے کیا سیکھا؟ |
| ۲ | | ۷۔۲۶ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۳ | ۹ | ۲۸ | اب وقت قیمتی ہے | وقت کی قدر کرنے والے ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں<br>نظم کی تشریح | طلبہ سے انفرادی طور پر چند سوالات کیے جائیں گے مثلاً آپ صبح کتنے بجے سو کر اٹھتے ہیں؟ کس وقت ناشتہ کرتے ہیں؟ کس وقت اسکول کے لیے گھر سے نکلتے ہیں؟ اگر آپ اسکول وقت پر نہیں پہنچیں گے تو کیا ہوگا؟<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | آپ کے امتحان قریب ہیں آپ اپنے دوست کو کس طرح سمجھائیں گے کہ وہ پڑھائی کے لیے وقت مقرر کرے |
| ۴ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے | مشق ۱۔۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | ۹ | ۲۹ | مشق ۳۔۴ | ہم آواز الفاظ<br>شعر مکمل کرنا | نظم میں سے ہم آواز تلاش کر کے لکھیے<br>دیئے گئے اشعار کو مکمل کریں | مشق ۵ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | ۳۰ | مشق ۶ | اسم نکرہ اور اسم معرفہ کی پہچان | کتاب میں دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### بارھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | | | سرگرمی | وقت کی اہمیت کا احساس دلانا | طلبہ سے انفرادی طور ایک پرچے پر وقت کی پابندی پر دو دو نکات تحریر کروائے جائیں اور انہیں سوفٹ بورڈ پر بھی لگایا جا سکتا ہے۔ | |
| ۴ | ۹ | ۲۹ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۵ | | ۷۶ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۶ | ۱۰ | ۳۱ | حکیم محمد سعید | حکیم محمد سعید کی شخصیت سے آگاہی<br><br>بلند خوانی | استاد بورڈ پر لکھیں گے۔ ''ہمدرد دواخانہ'' ۔ ''ہمدرد یونیورسٹی'' ''ہمدرد نونہال'' ۔طلبہ اس شخصیت کا نام بوجھنے کی کوشش کریں گے۔ اگر انہیں مشکل پیش آئی تو مزید ان کی آسانی کے لیے اشارہ دیا جائے گا۔ استاد بچوں کو حکیم محمد سعید کے بارے میں چند بنیادی معلومات فراہم کریں۔ حکیم سعید بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیتے تھے یہی وجہ ہے کہ آپ نے بچوں کے لیے بھی بہت سی کتابیں لکھیں اور ایک مشہور رسالہ نکالا ''ہمدرد نونہال''۔<br><br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | حکیم محمد سعید کے رسالے ''ہمدرد نونہال'' میں سے ایک اچھی سی کہانی پڑھ کر آئیے |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اوّل (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیرھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۰ | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۲ | | ۳۲ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۳ | | | سرگرمی | سبق کو دہرانا | جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا پہلا گروپ حکیم محمد سعید کے بارے معلومات جمع کرے گا جبکہ دوسرا گروپ حکیم محمد سعید پر سوالات تیار کرے گا۔ پہلے گروپ سے ایک بچہ حکیم محمد سعید بن کر کرسی پر بیٹھے گا باقی تمام بچے اس کے گرد کھڑے ہو کر جوابات دینے میں اس کی مدد کریں گے۔ اس کے بعد سوالات پوچھنے والا گروپ سوال پوچھے گا اور کرسی پر بیٹھا بچہ جواب دے گا اگر اس کو مشکل پیش آئی تو وہ اپنے ساتھیوں سے مدد لے گا۔ اس طرح ان سوال جواب کی سرگرمی سے طلبہ سبق کی اچھی طرح دہرائی ہو جائے گی۔ | مشق ۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۵ | ضمیر کی پہچان | کتاب میں دی گئی قواعد کو سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں | |
| ۵ | | ۳۲ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۶ | | ۷۶ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | حکیم سعید کا شخصی خاکہ تیار کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۱ | ۳۴ تا ۳۶ | صحت صفائی اور پاکیزگی | صفائی کی اہمیت بتانا<br>بلند خوانی | استاد طلبہ سے انفرادی طور پر چند سوالات کریں۔ جیسے آپ کھانا کھانے سے پہلے کیا کرتے ہیں؟ جب آپ کے کپڑے گندے ہو جاتے ہیں تو آپ کیوں اسے تبدیل کرتے ہیں؟ کسی گندی جگہ پر کیوں نہیں بیٹھتے؟ طلبہ سے ان کی رائے لی جائے گی اور اس کے بعد طلبہ کو کچھ تصاویر دکھائیں (یہ تصاویر ملٹی میڈیا یا کمپیوٹر پر بھی دکھائی جا سکتی ہیں)۔ کچھ تصاویر میں گندگی نمایاں ہوگی اور کچھ تصاویر میں صاف ستھرا ماحول دکھایا جائے گا اور طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ کون سی تصاویر صحیح ہیں اور کیوں؟<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | آپ اپنی صحت و صفائی کا کس طرح خیال رکھتے ہیں؟ چار جملوں میں جواب دیجیے۔ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۳۵۔۳۶ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲۔۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | اسکول کی صفائی | جماعت کے تمام طلبہ کو لائن بنا کر اسکول کا ایک چکر لگوایا جائے گا اور طلبہ سے ان جگہوں کی نشاندہی کروائی جائے گی جو جگہیں انہیں گندی نظر آئیں گی اس کے علاوہ جہاں کاغذ کے ٹکڑے یا تھیلیاں وغیرہ نظر آئیں گی طلبہ انہیں کوڑے دان میں پھینکیں گے اور صفائی کریں گے۔ اس کے بعد طلبہ کے ہاتھ دھلوا کر جماعت میں لایا جائے گا۔ | |
| ۵ | | ۳۷<br>۳۶ | مشق ۴<br>نئے الفاظ | بے ترتیب جملوں کی ترتیب<br>نئے الفاظ کی پہچان | دیئے گئے جملوں کو درست کر کے لکھیں<br>بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | مشق ۵ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | ۳۷ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرہواں،سولہواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
|---|---|---|
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۴ | نعت | حضورﷺ کی رحمتیں بیان کرنا<br>نعت کی تشریح | موضوع کے حوالے سے طلبہ سے چند سوالات کیے جائیں گے ان کی سابقہ معلومات جانچی جائیں گی۔ مثلاً ۱۔ ہمارے پیارے نبی کون ہیں؟ ۲۔ ہمارے پیارے نبیؐ کس طرح زندگی گزارتے تھے؟ ۳۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے ہمیں کیا سکھایا ہے یا کیا تعلیم دی؟ ۴۔ ہم کس کی تعلیمات پر عمل کرتے ہیں یا کس کے بتائے ہوئے طریقوں پر چلتے ہیں؟ ۵۔ ہمارے پیارے نبیؐ کو رحمت اللعالمین کیوں کہا جاتا ہے؟ اور اس کا کیا مطلب ہے؟<br>استاد نعت کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | حضور اکرمﷺ کا پورا نام دس بار لکھیں |
| ۲ | | | | نعت کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نعت کی بلند خوانی کروائے تا کہ نعت ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نعت پڑھیے | |
| ۳ | | ۵ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>مصرعے مکمل کروانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے مصرعوں کو مکمل کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | نعت یاد کروانا | طلبہ کو ایک مشہور نعت آڈیو پر سنوائی جائے گی۔ (موبائل پر بھی سنوائی جا سکتی ہے) نعت ایسی ہو جو طلبہ نے سنی ہو اور طلبہ کی دلچسپی کے مطابق ہو۔ | |
| ۵ | | ۶ | مشق ۴۔۵ | املا کی درستگی<br>اعراب لگوانا | دیئے گئے جملوں کے املا درست کر کے لکھیں<br>دیئے گئے لفظوں پر اعراب لگائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۶ | | ۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | | سرگرمی | درود شریف یاد کروانا | بچوں کو درود شریف باآواز بلند پڑھائیں اور انفرادی طور پر ان سے سنیں | نظم سے مدد لیجئے اور بتایئے کہ آپ ؐ کے آنے سے دنیا میں کیا تبدیلی آئی؟ |
| ۲ | | ۷۶ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۳ | ۲ | ۱۰۔۱۱ | بسم اللہ کی برکت | بسم اللہ کی اہمیت و برکت سے آگاہی<br>بلند خوانی | طلبہ سے چند سوالات کیے جائیں۔مثلاً ا۔آپ کھانا کھانے سے پہلے کن باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟ کیا کھانا کھانے سے پہلے کچھ پڑھتے ہیں؟ ہم بسم اللہ الرّحمٰنِ الرّحیم کیوں پڑھتے ہیں؟ طلبہ کو بسم اللہ الرّحمٰنِ الرّحیم کی اہمیت و برکت کے بارے میں بتائیں کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرّحمٰنِ الرّحیم پڑھنا چاہیے تا کہ ہر کام میں اللہ کی مدد شامل ہو جائے<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
